اسمبلی رپورٹ (مباحثات)

بارہویں اسمبلی / گیارواں اجلاس (چھٹی نشست)

# بلوچستان صوبائی اسمبلی

اجلاس منعقدہ بروز جمعۃ المبارک مورخہ 14رفروری 2025ء بمطابق ۱۵رشعبان المعظم ۱۴۴۶ھ۔



| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | تلاوت قرآن پاک اور ترجمہ۔ | 03 |
| 2 | دُعائے مغفرت۔ | 04 |
| 3 | رخصت کی درخواستیں۔ | 04 |
| 4 | قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر (D)170 کے تحت کُل ایوان کی مجلس کی تشکیل کی بابت تحریک۔ | 04 |
| 5 | گورنر بلوچستان کا حکم نامہ۔ | 05 |



جلد 11 ☆☆☆ شمارہ 06

## ایوان کے عہدیدار

اسپیکر۔۔کیپٹن (ریٹائرڈ) جناب عبدالخالق خان اچکزئی

ڈپٹی اسپیکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میڈم غزالہ گولہ بیگم

## ایوان کے افسران

سیکرٹری اسمبلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب طاہر شاہ کاکڑ

اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)۔۔۔۔جناب عبدالرحمٰن

چیف رپورٹر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب مقبول احمد شاہوانی

☆☆☆

# بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس

بروز جمعۃ المبارک مورخہ 14 رفروری 2025 ء بمطابق ۱۵ رشعبان المعظم ۱۴۴۶ ھ۔

بوقت سہ پہر 03 بجکر 23 منٹ پرزیرصدارت کیپٹن (ریٹائرڈ) جناب عبدالخالق خان اچکزئی، اسپیکر،

بلوچستان صوبائی اسمبلی ہال کوئٹہ میں منعقد ہوا۔

**جناب اسپیکر:** السلام علیکم! کارروائی کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن پاک سے کیا جاتا ہے۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ **از** حافظ محمد شعیب آخوندزادہ

بِسۡمِ اللّٰه الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوۡنَ الۡعَاجِلَةَ وَيَذَرُوۡنَ وَرَآءَهُمۡ يَوۡمًا ثَقِيۡلاً ﴿۲۷﴾ نَحۡنُ خَلَقۡنٰهُمۡ وَشَدَدۡنَاۤ اَسۡرَهُمۡ ج

وَاِذَا شِئۡنَا بَدَّلۡنَاۤ اَمۡثَالَهُمۡ تَبۡدِيۡلاً ﴿۲۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذۡكِرَةٌ ج فَمَنۡ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيۡلاً ﴿۲۹﴾

وَمَا تَشَآءُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ يَّشَآءَ اللّٰهُ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيۡمًا حَكِيۡمًا ﴿۳۰﴾ يُّدۡخِلُ مَنۡ

يَّشَآءُ فِىۡ رَحۡمَتِهٖ ط وَ الظّٰلِمِيۡنَ اَعَدَّ لَهُمۡ عَذَابًا اَلِيۡمًا ﴿۳۱﴾

﴿پارہ نمبر ۲۹ سُوۡرَۃُ الدھر آیات نمبر ۲۷ تا ۳۱﴾

**ترجمہ:** یہ لوگ چاہتے ہیں جلدی ملنے والے کو اور چھوڑ رکھا ہے اپنے پیچھے ایک بھاری دن کو۔ ہم نے اُن کو بنایا اور مضبوط کیا اُن کو جوڑ بندی کو اور جب ہم چاہیں بدل لائیں اُن جیسے لوگ بدل کر۔ یہ تو نصیحت ہے پھر جو کوئی چاہے کر رکھے اپنے رَبّ تک راہ۔ اور تُم نہیں چاہو گے مگر جو چاہے اللہ بیشک اللہ ہے سب کچھ جاننے والا حکمتوں والا۔ داخل کرلے جس کو چاہے اپنی رحمت میں اور جو گناہگار ہیں تیار ہے اُن کے واسطے عذاب دردناک۔ صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِيۡم۔

☆☆☆

**جناب اسپیکر:** جَزَاکَ اللّٰہ.نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ ۔اَمَّابَعْدفَا اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَّ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ ۔جی نور محمد دمڑ صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

**حاجی نور محمد دمڑ (وزیر خوراک):** جناب اسپیکر! آج ہرنائی شاہرگ میں ایک دلخراش واقعہ ہوا تو ID-blast ہوا ہے، دہشتگردوں کے ہاتھوں اُس واقعہ میں ہمارے کافی لوگ شہید ہوگئے۔ تو میں چاہتا ہوں کہ شہداء کے لیے دُعائے مغفرت اور زخمیوں کے لیے صحت یابی کی دُعا کی جائے۔

**جناب فضل قادر مندوخیل:** جناب اسپیکر! مولانا عبدالواسع صاحب کی والدہ محترمہ وفات پا گئی ہیں اُن کے لیے بھی دُعائے مغفرت کی جائے۔

**جناب اسپیکر:** مشترکہ دُعا کر لیتے ہیں۔

(دُعائے مغفرت کی گئی)

**جناب اسپیکر:** رخصت کی درخواستیں۔

سیکرٹری اسمبلی رخصت کی درخواستیں پڑھیں۔

**جناب طاہر شاہ کاکڑ (سیکرٹری اسمبلی):** میر صادق عمرانی صاحب، میر عاصم کرد گیلو صاحب، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ صاحب، جناب اصغر علی ترین صاحب، جناب خیر جان بلوچ صاحب اور محترمہ شہناز عمرانی صاحبہ نے آج کی نشست سے رخصت منظور کرنے کی درخواستیں کی ہیں۔

**جناب اسپیکر:** آیا رخصت کی درخواستیں منظور کی جائیں؟ رخصت کی درخواستیں منظور ہوئیں۔

**جناب اسپیکر:** چونکہ محکمہ تعلیم (کالجز، ہائیر سیکنڈری اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن اور سکول ایجوکیشن) حکومت بلوچستان نے صوبے میں تعلیم سے متعلق معزز اراکین بلوچستان اسمبلی کو تفصیلی بریفنگ دینے کا اہتمام کیا ہے۔ واضح رہے کہ اسمبلی ہال (چیمبر) کو سوائے ایوان کی اجازت کے اسمبلی کی نشستوں کے سوا دیگر کسی مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ لہٰذا قائد حزبِ اختلاف، معزز اراکین اسمبلی کو محکمہ تعلیم (کالجز، ہائیر سیکنڈری اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن اور سکول ایجوکیشن) حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبے میں تعلیم سے متعلق تفصیلی بریفنگ دینے کی بابت بلوچستان اسمبلی کے ہال (چیمبر) کو کُل ایوان کی مجلس تشکیل دینے کی بابت قاعدہ 170(D) کے تحت تحریک پیش کریں۔

**میر یونس عزیز زہری (قائد حزب اختلاف):** شکریہ جناب اسپیکر۔ مَیں یونس عزیز زہری، قائد حزبِ اختلاف قواعد و انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 170(D) کے تحت تحریک پیش کرتا ہوں کہ

محکمہ تعلیم ( کالجز، ہائیر سیکنڈری اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن اور سکول ایجوکیشن ) حکومت بلوچستان نے صوبے میں تعلیم سے متعلق معزز اراکین بلوچستان اسمبلی کو تفصیلی بریفنگ دینے کی بابت بلوچستان صوبائی اسمبلی کے ہال ( چیمبر ) کو کُل ایوان کی مجلس تشکیل دی جائے۔

**جناب اسپیکر:** تحریک پیش ہوئی۔

**جناب اسپیکر:** آیا تحریک منظور کی جائے؟

**جناب اسپیکر:** تحریک منظور ہوئی۔لہٰذا بلوچستان اسمبلی کے ہال ( چیمبر ) کو قاعدہ نمبر (D)170 کے تحت محکمہ تعلیم ( کالجز، ہائیر سیکنڈری اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن اور سکول ایجوکیشن ) کی جانب سے بریفنگ کے لیے کُل ایوان کی مجلس تشکیل دیا جاتا ہے۔

**جناب اسپیکر:** اب مَیں گورنر بلوچستان کا حکمنامہ پڑھ کر سناتا ہوں۔

**ORDER**

In excersie of the powers conferred on me by Article 109(b) of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973, I Sheikh Jaffar Khan Mandokhail, Governor Balochistan, hereby order that on conclusion of business, the Session of the Provincial Assembly of Balochistan shall stand prorogued on Friday, the 14th February, 2025.

**جناب اسپیکر:** اب اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

**جناب اسپیکر:** سیکرٹری محکمہ ( کالجز ہائیر ایجوکیشن اینڈ ٹیکنیکل اور سیکرٹری محکمہ اسکول ایجوکیشن ) حکومت بلوچستان اور اُن کی ٹیم صوبے میں تعلیم سے متعلق معزز اراکین اسمبلی کو تفصیلی بریفنگ دینے کی بابت بریفنگ کے لیے اپنی اپنی نشستوں پر تشریف لے آئیں۔

(اسمبلی کا اجلاس سہ پہر 03 بجکر 30 منٹ پر اختتام پذیر ہوا)

☆☆☆